نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

آبپاش علاقوں کے کاشتکار گندم کی منظور شدہ اقسام کا بیج استعمال کریں۔

گندم کی کاشت ترجیحاً رواں ماہ کے دوران مکمل کرلیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور04 نومبر 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق آبپاش علاقوں کے کاشتکاروں محکمہ زراعت کی منظور شدہ اقسام کا بیج کاشت کریں۔ آبپاش علاقوں کے کاشتکار گندم کی زیادہ پیداوار کے لئے فخر بھکر **15 نومبر** تک جبکہ بھکر سٹار **10 نومبر تا 10** دسمبر تک اور عروج 22 ،ڈیورم 2021،اکبر 19،دلکش 20 ،این اے آر سی سپر،غازی19،سبحانی 21 ،رہبر 21 اور ایم ایچ21 کی کاشت **یکم تا30 نومبر** مکمل کریں۔اس کے علاوہ جوہر 16 ،بورلاگ 16 ،زنکول 16 ،اُجالا16 ،اناج 17 اور فیصل آباد8 **یکم تا10 دسمبر** مکمل کریں جبکہ جنوبی پنجاب کے تمام اضلاع کیلئے صادق 21 اور نواب 21 کی کاشت مکمل کریں۔ کاشتکار بوائی کے لیے رواں ماہ کے آخر تک 40 سے 50 کلوگرام جبکہ یکم سے 10 دسمبر تک 50 سے 55 کلوگرام بیج فی ایکر استعمال کریں اور بیج کے اُگاوٗ کی شرح 85 فیصد سے ہرگز کم نہیں ہونی چاہیے۔گندم کی مختلف بیماریوں میں کانگیاری،کرنال بنٹ ،گندم کی بلاسٹ اور اکھیڑا وغیرہ زیادہ نقصان دہ ہیں جو کہ پیداوار میں نقصان کا باعث بنتی ہیں ان بیماریوں سے بچاوٗ کے لئے بیج کو بوائی سے پہلے تھائیوفنیٹ میتھائل بحساب دو تا اڑھائی گرام فی کلوگرام بیج یا امیڈاکلوپرڈ+ٹیبوکونازول بحساب 4 ملی لٹر فی کلوگرام بیج لگائیں۔بہتر ہے کہ بیج کو زہر لگانے کے لئے گھومنے والا ڈرم استعمال کیا جائے اگر یہ میسر نہ ہو تو پلاسٹک کی ایک بوری میں وزن شدہ بیج اور سفارش کردہ زہر ڈال کر بوری کا منہ باندھ کر اور دونوں طرف سے پکڑ کر اچھی طرح ہلائیں تاکہ بیج کے ہر دانے کو زہر لگ جائے خیال رہے کہ بوری کو تقریباً آدھا بھرا جائے۔گندم کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کے لئے کھیت کا تیار اور ہموار ہونا بہت ضروری ہے۔وریال کھیتوں میں دو یا تین دفعہ ہل چلائیں اور جہاں کہیں زمین کو ہموار کرنا ضروری ہو کراہ یا لیزر لیولر سے زمین کو ہموار کریں۔راوٗنی سے پہلے کھیتوں کو چھوٹے حصوں میں تقسیم کریں تاکہ کم پانی سے زیادہ رقبے پر راوٗنی ہو سکے۔جب بوائی کا وقت نزدیک آئے تو سورج نکلنے سے پہلے ہل چلائیں اور سہاگہ دیں۔یہ عمل 2 یا 3 بار دوہرانے سے جڑی بوٹیاں تلف ہو جائیں گی اور زمین کی نیچے کی نمی اوپر آجائے گی جو گندم کے اچھے اگاوٗ کی ضامن ہوگی۔راوٗنی کے بعد وتر آنے پر زمین کو 2 یا 3 دن کے لئے کراہ یا سہاگہ چلا کر دبا دیں اس سے ڈھیلے وغیرہ نہیں بنتے اسے رمبڑ کہتے ہیں رمبڑ کے بعد دوہرا ہل چلا کر سہاگہ دیں اور 8 سے 10 دن تک زمین کو یونہی رہنے دیں تاکہ جڑی بوٹیوں کے بیج اگ آئیں اور بعد ازاں بوائی کے لئے ہل چلا کر ان کو ختم کر دیں۔

☆☆☆☆